رول نمبر_____(امیدوار خود لکھے)

SSC(9th)1st Annual 2024

اُردو (لازمی) | گروپ: پہلا | پرچہ: I | انشائی | نمبر: 60 | وقت: 2:10 گھنٹے

حصّہ دوم

2۔ درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے (تین اشعار حصّہ نظم اور دو اشعار حصّہ غزل سے) 6=2x3

(حصّہ نظم)

i. جچتا نہیں نظروں میں یاں خِلعتِ سُلطانی — کملی میں مگر اپنی رہتا ہے گدا تیرا

ii. جیوں تیرے در پر، مَروں تیرے در پر — یہی مجھ کو حسرت، یہی آرزو ہے

iii. بادل ہوا کے اوپر ہو مَست چھا رہے ہیں — جھڑیوں کی مَستیوں سے دُھومیں مچا رہے ہیں

iv. ہے تیرے گلستاں میں بھی فصلِ خزاں کا دَور — خالی ہے جیبِ گل، زرِ کامل عیار سے

(حصّہ غزل) 4=2x2

i. میں بھی منہ میں زبان رکھتا ہوں — کاش پُوچھو کہ مدّعا کیا ہے

ii. بُلبل کو باغباں سے نہ صَیّاد سے گِلہ — قسمت میں قید لکھی تھی فَصلِ بہار میں

iii. کہوں کیا ہوئی عمر کیونکر بسر — میں جاگا کیا، بخت سویا کیا

حصّہ سوئم

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ خط کشیدہ الفاظ کے معانی، سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے : 10=2x5

(الف) انسان بھی، مثل اور حیوانوں کے ایک حیوان ہے اور جب کہ اُس کے دِلی قویٰ کی تحریک سُست ہو جاتی ہے اور کام میں نہیں لائی جاتی، تو وہ اپنی حیوانی خصلت میں پڑ جاتا ہے اور جسمانی باتوں میں مشغول ہو جاتا ہے اور انسانی صفت کو کھو کر پورا حیوان بن جاتا ہے۔

(ب) طرفین کے بیانوں سے واضح تھا کہ تنازع بہت خفیف ہے اور یہ کہ دو طرفہ طوفان کا حدود اربعہ ایک چائے کی پیالی میں سما سکتا ہے۔ علی بخش اس لیے ناخوش تھا کہ اسے دیہاتی کہا گیا تھا اور سلیم میاں اس بات پر برہم تھے کہ علی بخش کی غلطی کی وجہ سے امجد نے انہیں دیہاتی سمجھا ہو گا۔

(ورق الٹیے)

4۔ درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ اجزا کے مختصر جوابات دیجیے: 10

i۔ کس شاعر کے بقول اندھے کو اندھیرے میں بڑی دور کی سوجھی؟

ii الگو چوہدری اور شیخ جمن کا آپس میں کیا رشتہ تھا؟

iii۔ اُلو کے بارے میں کیا کہا گیا ہے؟

iv فرمانِ امن کس نے لکھا اور کس چیز پر؟

v۔ مولانا الطاف حسین حالیؔ کی کوئی سی دو تصانیف کے نام لکھیے۔

vi میر نے نیم باز آنکھوں کی مستی کو کیسا قرار دیا ہے؟

vii۔ صَبا کہاں سے آتی ہے؟

viii محرم اور نامحرم میں کیا فرق ہے؟

5۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

(i) مرزا غالب کے عادات و خصائل (ii) آرام و سکون

6۔ نصاب میں شامل نظم "حمد" کا مرکزی خیال / خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 5=1+4

7۔ اپنے سکول کے ہیڈ ماسٹر صاحب / ہیڈ مسٹریس صاحبہ کے نام فیس معافی کے لیے درخواست لکھیے۔ **یا** 10

ہمسائے کے نام خط لکھیے جس میں پڑھائی میں دقّت ہونے کی وجہ سے موسیقی بند کرنے کی درخواست کیجیے۔

8۔ "اتفاق میں برکت ہے" کے عنوان پر کہانی تحریر کیجیے۔ **یا** 5

دُکان دار اور خریدار کے درمیان مکالمہ تحریر کیجیے۔

9۔ درج ذیل جملوں کی دُرستی کیجیے۔ 5

i۔ بارش برس رہی ہے۔

ii۔ میری قلم کس کے پاس ہے۔

iii۔ شور نہ ڈالو۔

iv۔ آپ مری سے کب واپس لوٹیں گے؟

v۔ اُس کی صورت دیکھ کر ڈر آتا ہے۔

یا درج ذیل جملوں کی تکمیل کیجیے۔

i۔ زبان خلق کو۔۔۔۔ خدا سمجھو

ii۔ خدمت سے۔۔۔۔۔ ہے

iii۔ سوت نہ کپاس جولاہے سے۔۔۔۔۔

iv۔ جس کی لاٹھی اُس کی۔۔۔۔۔۔۔

v۔ حساب جو جو، بخشش۔۔۔۔۔

07-124-1A-52000

www.ilmkidunya.com